ویکیپیڈیا

چادر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

آزاد دائرۃ المعارف، ویکیپیڈیا سے

ترکی کے قدیم و تاریخی شہر استنبول کے طوپ کاپی سرائے (میوزیم) میں ایک عمارت تبرکات نبویہ کے لیے مخصوص ہے جس کے ایک حجرہ مبارکہ میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ چادر مبارک بردہ السعادہ موجود ہے جو آپ نے حضرت نن زھیر کو عطا فرمائی تھی۔ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مکہ مکرمہ فتح کر لیا تو کچھ لوگ مکہ مکرمہ سے بھاگ نکلے جن میں مشہور شاعر حضرت کعب بن زھیر بھی شامل تھے۔ آپ کے بھائی نے آپ کو ایک پیغام بھیجا جس کے نتیجہ میں حضرت کعب بن زھیر شرمندہ ہوئے اور خفیہ طور پر مدینہ منورہ سرکار مدینہ کی بارگاہِ اقدس میں پہنچ گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے توبہ اور معافی کے طلب گار ہونے کے بعد حلقہ بگوش اسلام ہو گئے اور فی البدیع آپ کی مدح سرائی میں قصیدہ پڑھنا شروع کر دیا جس کی سماعت پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر مبارکہ اپنے شانوں سے اتاری اور کعب بن زھیر کو عطا فرما دی۔(1)

حوالہ جات

1. سفر نامہ زیارات ترکی ، افتخار احمد حافظ قادری،2013ء، صفحہ نمبر 29 و 30